# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 20 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۰ ؍مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ زرعی قرض کیلئے CIBIL کی شرط کے بغیر قرض فراہم کرنے کی وزیر اعلیٰ کی بینکوں کو ہدایت۔

☆ خریف ہنگام میں کاشتکاروں کی ہر ممکن مدد کرنے کا وزیرِ زراعت کا تیقن، ریاست میں غیر موسمی بارشوں سے 27 ہزار ہیکٹر کی فصلوں کا نقصان۔

☆ کسانوں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی اور بیجوں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کیلئے 29 مئی سے ملک گیر زرعی عزم مہم کا آغاز۔

☆ مراٹھواڑہ میں مختلف مقامات پر پیش آئے حادثات میں 12 افراد کی موت۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں غیر موسمی بارش کا زور، آئندہ دو دنوں تک بارش جاری رہنے کی محکمہ موسمیات کی پیشن گوئی۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کسانوں کو زرعی قرضہ جات فراہم کرنے کیلئے CIBIL کی شرط نہ لگانے کی ہدایت بینکوں کو دی ہے۔ وہ ممبئی میں ریاستی سطح کی بینکرس کمیٹی کے 167 ویں اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقعے پر مالیاتی سال 2025-26 کیلئے ریاست کے 44 لاکھ 76 ہزار 804 کروڑ روپے کے کریڈٹ خاکے کو بھی منظوری دی گئی۔ وزیر اعلیٰ نے قومی بینکوں کو زراعتی قرض فراہمی کو بڑھانے اور اس سال مقررہ ہدف کو پورا کرنے کیلئے خصوصی اقدامات کرنے کی ہدایات بھی دیں۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے موسمِ باراں میں امسال بہتر بارشیں ہونے کی پیش گوئی کی ہے، اس کے پیشِ نظر حکومت کی جانب سے کسانوں کو خریف ہنگام کی فصلوں کیلئے درکار ضروری مدد فراہم کرنے کا تیقن ریاستی وزیرِ زراعت مانک راؤ کوکاٹے نے دیا ہے۔ کوکاٹے گزشتہ روز ناسک ضلعے کے قبل از خریف ہنگام جائزاتی اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں کھاد فروشوں کی جانب سے کسانوں کے ساتھ کسی بھی طرح کی دھوکے بازی کو برداشت نہ کرنے کا انتباہ دیتے ہوئے قومی بینکوں سے اپیل کی کہ وہ خریف کی فصلوں کیلئے کسانوں کو زیادہ سے زیادہ قرضہ جات فراہم کریں۔

اسی دوران' کوکاٹے نے ریاست میں غیر موسمی بارشوں کی وجہ سے مجموعی طور پر 27 ہزار ہیکٹر کی فصلوں کو نقصان پہنچنے کی اطلاع بھی دی۔ انہوں نے بتایا کہ اس سلسلے میں متعلقہ افسران کو جلد از جلد نقصانات کے پنچنامے کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہد ایات دی گئی ہیں۔

***** ***** *****

نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے زرعی کھاد کی لنکنگ سے متعلق قانون وضع کرنے کا عندیہ دیا ہے۔ وہ گزشتہ روز بیڑ میں قبل از خریف ہنگام جائزاتی اجلاس کے بعد ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے مخاطب تھے۔ انہوں نے بیڑ ضلعے میں گیلے یا سوکھے قحط کی صورتحال بدلنے کیلئے اقدامات کرنے کی یقین دہانی بھی کروائی۔

اسی دوران، پوار نے شری کشیتر پرلی ویجناتھ جیوتر لنگ مذہبی مقام کے ترقیاتی منصوبے کے تحت جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے ان کاموں کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کرنے اور فنڈز کی کمی نہیں ہونے دینے کا وعدہ کیا، ساتھ ہی ترقیاتی منصوبے کے کاموں میں معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت بھی کی۔ اس ترقیاتی منصوبے کیلئے 268 کروڑ 68 لاکھ روپئے کے صرفے سے 92 ترقیاتی کاموں کو منظوری دینے کی اطلاع ضلع کلکٹر ویویک جانسن نے دی۔

نائب وزیرِ اعلیٰ پوار نے پرلی برقی توانائی مرکز کے تحت جاری کام، سوامی رامانند تیرتھ دیہی سرکاری طبّی کالج اور اسپتال میں ضروری سہولیات اور اہلیا نگر۔ بیڑ۔ پرلی ریلوے لائن کے کاموں سے متعلق بھی آگاہی حاصل کی۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کسانوں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی اور بیجوں کے بارے میں آگاہ کرنے کیلئے 29 مئی سے ملک گیر سطح کی ''ترقی یافتہ زرعی عزم مہم'' شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وہ کل نئی دہلی میں ایک اطلاعی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ اس مہم کا مقصد ڈیڑھ کروڑ کسانوں تک زرعی معلومات پہنچانا ہے اور یہ مہم ملک کے 723 اضلاع میں چلائی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ زرعی سائنسدانوں کی ایک ماہر ٹیم تقریباً 65 ہزار دیہات میں جا کر کسانوں کو عملی طور پر تربیت دے گی اور زرعی معلومات فراہم کرے گی۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Shivraj Singh Chavhan**

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھتر پتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔**

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی کے رہنما چھگن بھجبل کو ریاستی مجلسِ وزرا میں شامل کیا جائے گا۔ ان کی حلف برداری کی تقریب آج صبح ہونے کی اطلاع خبر رساں ایجنسی نے دی ہے۔ بھجبل کو خوراک و رسد محکمہ کی ذِمہ داری سونپے جانے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

ریاستی ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی ڈائریکٹوریٹ نے تعلیمی سال 26-2025 میں گیارہویں جماعت کے آن لائن داخلے کے عمل کا اعلان کر دیا ہے۔ اس سے طلباء کو آن لائن فارم پُر کرنے اور خواہش کے مطابق کالج کی ترجیحات رجسٹر کرنے کا موقع ملے گا۔ آج رات 12 بجے تک اس عملی مشق کے فارمس دستیاب ہوں گے۔ جبکہ داخلے کیلئے درخواست 21 مئی تا 28 مئی کے درمیان کی جاسکے گی۔

***** ***** *****

آپریشن سندور میں حاصل ہوئی کامیابی کے سلسلے میں ریاست کے مختلف حصوں میں ترنگا یاتراؤں کا سلسلہ جاری ہے۔ ناندیڑ شہر میں آئی ٹی آئی روڈ پر شدید بارش میں ترنگا پرچم ریلی نکالی گئی۔ اس ریلی میں ضلعے کے رابطہ وزیر اتل ساوے، رکنِ پارلیمان اشوک چوہان، رکنِ پارلیمان ڈاکٹر اجیت گوپچھڑے کے علاوہ سابق فوجی، این سی سی کے طلباء اور شہریان بڑی تعداد میں موجود تھے۔

***** ***** *****

چھتر پتی سمبھا جی نگر کے سیاحتی شعبے کے تاجر جسونت سنگھ نے آپریشن سندور سے متعلق بات کرتے ہوئے اس جنگ میں پاکستان کا ساتھ دینے والے ترکی اور آذربائیجان کا بائیکاٹ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی وزیر اور ناندیڑ ضلع کے رابطہ وزیر اتل ساوے نے کل دیگلور تعلقے کے تملور میں ملک کیلئے جان دینے والے سچن ونجے کے اہل خانہ سے ملاقات کر کے تعزیت کی۔ اس موقعے پر ساوے نے ونجے کے ورثا، کو حکومت کی جانب سے مناسب مدد کرنے اور گھر کل اسکیم سے پختہ مکان[4] فراہم کرنے کا وعدہ بھی کیا۔ ساتھ ہی انہوں نے اپنی ایک ماہ کی تنخواہ کا چیک ونجے کے اہل خانہ کے سپرد کیا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے مختلف مقامات پر پیش آئے حادثات میں بارہ افراد کی موت ہوگئی۔ لاتور۔ ناندیڑ شاہراہ پر چاکور تعلقے کے گھرنی گاؤں کے قریب دو، دو پہیہ گاڑیوں کے تصادم میں تین افراد ہلاک ہوگئے۔ کل دوپہر پیش آئے اس حادثے کے مہلوکین میں گھرنی کے وٹھل شندے، یشودا شندے اور لالہ صاحب پوار شامل ہیں۔

اسی طرح چاکور تعلقے کے آشٹا موڑ ٹول ناکہ کے قریب دیگر ایک حادثے میں کار اور دو پہیہ گاڑی کے تصادم میں ایک شخص کی موت واقع ہوئی۔ جبکہ لاتور۔ بارشی شاہراہ پر آٹو رکشہ اور ٹریکٹر کے درمیان ہوئے حادثے میں تین افراد ہلاک ہوئے۔ پولس نے متعلقہ ٹریکٹر کو تحویل میں لے لیا ہے، جبکہ ٹریکٹر ڈرائیور کے فرار ہوجانے کی اطلاع متعلقہ خبر میں دی گئی ہے۔

دھولیہ۔ شولاپور شاہراہ پر واقع جالنہ ضلعے کے سوندل گاؤں شیوار میں پیدل جانے والی ماں اور بیٹی کی کار کی زد میں آ کر موت ہوگئی۔ یہ حادثہ کل صبح پیش آیا۔ روہنی چوہان اور نُو رَوی چوہان اس حادثے میں فوت ہوئے ہیں۔ پولس نے بتایا کہ چھترپتی سمبھا جی نگر کے ایک کار ڈرائیور امردیپ چوہان بیڑ جا رہا تھا، اسی اثنا، وہ اپنی کار پر سے توازن کھو بیٹھا، جس کے سبب یہ حادثہ پیش آیا۔

ہنگولی ضلعے کے آکھاڑا باڑاپور میں ہائیوا کے موٹر سائیکل کو زوردار ٹکر دینے کے باعث دو سگے بھائیوں کی موت ہوگئی۔ ساتھ ہی چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے ناچن ویل میں ایک پک اپ کی ٹکر سے وٹھل گھلے نامی نوجوان کی موت ہونے کی اطلاع ہے۔

***** ***** *****

جالنہ شہر سمیت ضلعے کے بیشتر علاقوں میں کل بادلوں کی گھن گرج کے ساتھ زوردار بارش ہوئی۔ بھوکردن تعلقے کے پمپل گاؤں رینو کائی میں بجلی گرنے سے کھیت میں کام کرنے والے دو افراد کی موت ہوگئی۔ ضلع میں گزشتہ دو دنوں میں بجلی گرنے سے چار لوگوں کی موت ہونے کی اطلاع ملی ہے۔

چھترپتی سمبھا جی نگر شہر سمیت ضلعے کے متعدد مقامات پر بھی کل غیر موسمی بارش ہوئی۔ ویجاپور تعلقہ کے لونی خورد علاقے نائیگو ہان میں زوردار ہواؤں کے سبب لیموں کا درخت گرنے سے ایک گائے کی موت ہوگئی۔ ضلعے کے پیٹھن، خلد آباد اور ویجاپور تعلقہ جات میں موسلا دھار بارش ہوئی۔ گنگا پور تعلقے میں ژالہ باری کی بھی اطلاعات ہیں۔ محکمہ موسمیات نے آج اور کل کوکن، وسطی مہاراشٹرا اور مراٹھواڑہ میں آندھیوں اور بجلی کی گھن گرج کے ساتھ ہلکی تا درمیانی بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں گروپ لیڈر پروین دریکر نے کل چھترپتی سمبھا جی نگر کے ڈویژنل کمشنر دفتر میں سیلف ری ڈیولپمنٹ لون اسکیم کے سلسلے میں ایک جائزاتی اجلاس لیا۔ اس اسکیم کے ذریعے پرانی ہاؤسنگ کوآپریٹیو سوسائٹیوں کے اراکین کی بحالی کیلئے معمولی شرح سود پر قرض فراہم کیے جا رہے ہیں۔ دریکر نے میڈیا کو بتایا کہ اس اسکیم سے اراکین کو اپنی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کو خود دوبارہ بحال کرنا ممکن ہوجائے گا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ زرعی قرض کیلئے CIBIL کی شرط کے بغیر قرض فراہم کرنے کی وزیر اعلیٰ کی بینکوں کو ہدایت۔

☆ خریف ہنگام میں کاشتکاروں کی ہر ممکن مدد کرنے کا وزیرِ زراعت کا تیقن، ریاست میں غیر موسمی بارشوں سے 27 ہزار ہیکٹر کی فصلوں کا نقصان۔

☆ کسانوں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی اور بیجوں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کیلئے 29 مئی سے ملک گیر زرعی عزم مہم کا آغاز۔

☆ مراٹھواڑہ میں مختلف مقامات پر پیش آئے حادثات میں 12 افراد کی موت۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں غیر موسمی بارش کا زور، آئندہ دو دنوں تک بارش جاری رہنے کی محکمہ موسمیات کی پیشن گوئی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****